ہوا ہے حضرت ابن مسعودؓ جیسے صحابۂ کرام نے یہی سمجھا اور امام ابوحنیفہؒ اور سفیان ثوریؒ وغیرہ ائمہ نے اسی کو اختیار کیا اور حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت جابر وغیرہ دوسرے بہت سے صحابہ کرام نے اس کے برعکس سمجھا، اور حضرت امام شافعی اور امام احمد وغیرہ نے اس کو اختیار کیا اور ہر ایک کا یہ اختلاف بھی صرف فضیلت میں ہوا، رفع اور ترک رفع کا جواز سب کے نزدیک مسلّم ہے۔

اللہ تعالیٰ غلو اور نا انصافی سے حفاظت فرمائے اور اتباعِ حق کی توفیق دے"۔

اس کتاب میں نماز کی ساری صورتیں اور اُن کے آداب بیان کیے گئے ہیں اور اس باب میں کوئی چیز باقی نہیں رہ گئی۔ اس میں مختلف دعائیں بھی درج ہیں۔

یہ کتاب ہر لحاظ سے بڑی مفید اور کارآمد ہے۔ اللہ تعالیٰ مصنف کو اس نیک اور مقدس کام کو جلد از جلد پایۂ تکمیل تک پہنچانے کی توفیق دے۔

کتاب کا معیار طباعت اور کتابت عمدہ ہے۔

تمدنِ یورپ | تالیف: جناب ڈاکٹر احسان محمد خاں، ایم، اے، پی، ایچ-ڈی- ملنے کا پتہ: مشتاق بک ڈپو، شیلڈن روڈ، نزد اُردو کالج کراچی۔ قیمت چھ روپے۔ صفحات ۲۸۸

اس کتاب میں یورپی زندگی کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا ہے، مثلاً خاندانی زندگی، نوعمروں کی اقتصادی آزادی اور ان کے باہمی اختلاط کے مضر نتائج، زن و شو کے تعلقات، مغربی تہذیب میں عورت کا مقام، مذہب، عقد و مناکحت، تہذیب کے خلاف بغاوت، شہروں اور گاؤں میں تصادم، کارل مارکس کی تلقین میں صداقت، روس میں اشتراکیت کا تجربہ، جمہوریت سے گریز اور اس کا مستقبل، پیرس کی عورتیں، یورپ کے تمدن اور معاشرہ پر دوسری جنگِ عظیم کے اثرات۔

کتاب کے عنوانات بڑے وقیع ہیں لیکن ان میں سے کسی ایک پر بھی سیر حاصل بحث